ABC Certified
آڈٹ آف سرکولیشن کی تصدیق کی جانب گامزن
Daily Siyasi News Karachi
پبلیشر: عمران واساواڈی
روزنامہ سیاسی نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر فیروز علی کامدی
منیجنگ ایڈیٹر: حماد واساواڈی
شمارہ نمبر 359 جمعرات 10 اکتوبر 2024ء/6 ربیع الثانی 1446ھ جلد نمبر 24

نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری

ریٹائرڈ اور متوفی ملازمین کے واجبات کی بروقت ادائیگی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن میں ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ہے۔ ملازمین کے واجبات (لیوانکیشمنٹ) کی ادائیگی کی مد میں بیاسی لاکھ اڑتیس ہزار روپے کے چیک تقسیم کئے گئے۔ چیئرمین محمد یوسف نے نیو کراچی ٹاؤن کے ریٹائرڈ ملازمین میں بقایاجات کے چیک تقسیم کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج الحمد اللہ ہم نے ماضی قریب میں ریٹائرڈ ہونے والے افسران و ملازمین کے واجبات (لیوانکیشمنٹ) کی ادائیگی کردی ہے یہ وہ بلدیاتی ملازمین ہیں جنہوں نے اپنی سروس کے دوران عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے، ہماری کوشش ہے کہ ریٹائرڈمنٹ کے بعد ملازمین کو مالی لحاظ سے کوئی دقت پیش نہ آئے۔ انشاء اللہ ہمارے دور کے درمیان ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین کے واجبات بر وقت ادا کئے جا رہے ہیں، چیئرمین نے کہا کہ ریٹائرڈ اور فوت ہونے والے ملازمین کو حق دلوانا ہماری اوّلین ترجیح ہے، ملازمین اپنی زندگی کے کئی سال سرکاری اداروں میں اپنی خدمات سرانجام دیتے ہیں اور ریٹائر ہونے کہ بعد بھی وہ اپنے بقایاجات کے لئے انتظار کرتے ہیں جبکہ ان ملازمین کو ریٹائر ہونے کہ ایک ماہ کے اندر ہی تمام تر بقاجات ادا کردیے جانا چاہئے تا کہ وہ اپنی زندگی میں ہی ان پیسوں کو سہی جگہ استعمال کر سکیں، انہوں نے کہا کہ منتخب نمائندے نہ صرف عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں بلکہ نیو کراچی ٹاؤن کے ملازمین کے حقوق بھی دلانے میں اپنا پورا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انشاء اللہ ہماری کوششیں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندے ملازمین و افسران کی فلاح و بہبود کے لئے کام کرتے رہیں گے، سابقہ دورِ حکومت میں حاضر سروس ملازمین کے رکے ہوئے واجبات کو بھی ادا کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے تا کہ ملازمین کو اس مہنگائی میں آسانی میسر آسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بہتر سے بہتر خدمات مہیا کرنے کے لئے نیو کراچی ٹاؤن کی آمدنی میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ جس کے لئے محکمہ ٹیکس کو ہدایات دے دی گئیں ہیں۔ واضح رہے کہ نیو کراچی ٹاؤن کے ریٹائرڈ ملازمین اور فوت ہونے والے ملازمین کے لواحقین کو واجبات کی مد میں اب تک کروڑوں روپے ادا کئے جا چکے ہیں۔